© rasailojaraid.com



میڈیا اس کی حمایت میں سرگرم عمل ہو جاتے ہیں۔ اس امر کی ضرورت ہے کہ عوام و خواص کو عیسائی مبلغ اداروں کے اصل عزائم سے آگاہ کیا جائے۔

پاکستان کے بعض اہل علم اور علمی اداروں نے عیسائیت کی حقیقت اور عیسائی مشنوں کے اثرات کے مطالعے کی کوشش کی ہے لیکن یہ مطالعہ ناکافی ہے۔ زیر تبصرہ کتاب کا موضوع اگرچہ "عالم عرب پر مشنری یلغار" ہے لیکن اس کی روشنی میں ہم پاکستان میں بھی عیسائی مشنریوں کی سرگرمیوں اور ان کے اثرات کا جائزہ لے سکتے ہیں۔ کتاب کی خوبی یہ ہے کہ اس میں مشنریوں کے حقیقی اغراض و مقاصد' علاج معالجہ' تعلیم' مشنری کالجوں اور یونی ورسٹیوں کے ذریعے عرب معاشرے میں نفوذ' مسلمانوں کو باہم لڑانے کے لیے منصوبہ سازی' مسلمان ملکوں میں بے جا مداخلت' قوم پرست خصوصاً علیحدگی پسند تحریکوں کی سرپرستی' معاشرتی خدمت کی آڑ میں مسلمان معاشرے اور اسلامی ثقافت کی تباہی کے عزائم' تبلیغ میں نسوانی عنصر کے ذریعے نوجوانوں میں بے راہ روی پیدا کرنے کے منصوبوں کی مثالوں سے نشان دہی کی گئی ہے۔ کتاب میں جو بات کہی گئی ہے' مستند حوالے سے کہی گئی ہے اور آخر میں مراجع کی فہرست بھی دے دی گئی ہے۔ جناب ظہیر الدین بھٹی نے مطالب کتاب کو عربی سے نہایت خوبی سے اردو میں منتقل کیا ہے۔ (ر-ب-ش)

**ہمدرد صحت اور نونہال نمبر**' ادارۂ ہمدرد' ناظم آباد کراچی۔ صفحات: ۱۱۲' اور ۲۷۲۔ قیمت: ۳۰ روپے اور ۲۵ روپے۔

جناب حکیم محمد سعید اور ان کے خصوصی معاون و رفیق کار جناب مسعود احمد برکاتی کی کاوشوں کا یہ پہلو قابل ستایش ہے کہ وہ اپنی نوعیت کے دو بلند پایہ اور معیاری رسالے شائع کر رہے ہیں۔ ایک "حفظ صحت اور سماجی بہبود" کا اور دوسرا "نونہالوں کی تعلیم و تربیت اور صحت و موت" کا ترجمان--- اگست میں اول الذکر کا "صحت نونہال نمبر" آیا ہے جو بچوں کی پیدائش' پرورش اور صحت سے متعلق عام فہم زبان میں معلوماتی مضامین پر مشتمل ہے۔ دوم: "نونہال" کا خصوصی نمبر (جس کے ساتھ ایک حسین کتاب کا تحفہ بھی ہے) حسب معمول دلچسپ' بامقصد اور تفریحی و معلوماتی مضامین' کہانیوں' واقعات' اقتباسات وغیرہ کا ایک عمدہ مجموعہ ہے--- یہ دونوں ہیں تو رسائل کے خاص نمبر مگر اپنی نوعیت میں مستقل کتابوں کا درجہ رکھتے ہیں۔ کتابت طباعت معیاری اور حسب ضرورت تصاویر سے مزین۔ (ادارہ)

© rasailojaraid.com